# ضمنی انتخابات 4 نومبر، 2024
# کونسلر وارڈ 15، ڈان ویلی ویسٹ (Councillor Ward 15, Don Valley West)

## بذریعہ ڈاک ووٹ کے لیے درخواست دیں

اپنی ووٹ دینے کی درخواست بذریعہ ڈاک ستمبر سےلے کر 10 اکتوبر تک www.toronto.ca/VoteByMail پر جمع کروائیں۔

## ووٹرز لسٹ چیک کریں

20 ستمبر سے www.toronto.ca/MyVote پر چیک کریں کہ آپ ووٹرز کی فہرست میں ہیں، تلاش کریں کہ کہاں ووٹ دینا ہے اور امیدواروں کی فہرست کا جائزہ لیں

# کلیدی تاریخیں

## 20 ستمبر

- **ڈاک کے ذریعے ووٹ ڈالنا (Mail-in Voting)** کے لیے درخواست دینے کا پہلا دن۔
- **ووٹرز کی فہرست (Voters' List)** میں معلومات شامل کرنے، تبدیل کرنے یا اپ ڈیٹ کرنے کا پہلا دن۔
- **پراکسی فارم (Proxy Form)** کی درخواست کرنے کا اور VoterRegistration@toronto.ca پر ای میل کرکے اس کی تصدیق کروانے کے لیے اپوائنٹمنٹ کا وقت طے کرنے کا پہلا دن ۔ معلومات کے لیے 311 پر کال کریں۔

## 10 اکتوبر

- **ڈاک کے ذریعے ووٹ ڈالنا (Mail-in Voting)** کے لیے درخواست دینے کا آخری وقت، شام 4:30 بجے تک۔
- www.toronto.ca/MyVote پر **ووٹرز کی فہرست (Voters' List)** کو شامل کرنے، تبدیل کرنے یا اپ ڈیٹ کرنے کا آخری وقت شام 4:30 بجے تک۔

## 17 اکتوبر

- **ووٹر انفارمیشن کارڈز (VICs)** اہل ووٹرز کو بھیجے جاتے ہیں۔

صرف اہل ووٹرز جو 10 اکتوبر تک ووٹر لسٹ میں شامل ہوں گے انہیں ڈاک کے ذریعےایک VIC بھیجا جائے گا۔ اگر آپ ووٹرز کی فہرست میں ہیں اور میل میں VIC موصول نہیں کرتے ہیں تو **toronto.ca/MyVote** پر اپنے VIC تک رسائی حاصل کریں۔ ووٹ دینے کے لیے آپ کو VIC کی ضرورت نہیں ہے۔

## 26 اور 27 اکتوبر

- **پیشگی ووٹنگ** کے دو دن صبح 10 بجے سے شام 7 بجے تک۔
- پیشگی ووٹ کے مقامات: **باب رمبال سینٹر(Bob Rumball Centre)** اور **جینر جین-میری کمیونٹی سینٹر(Jenner Jean-Marie Community Centre)**

## 28 اکتوبر

- مکمل شدہ **ڈاک کے ذریعے ووٹ ڈالنے (Mail-in Voting)** کے پیکجز دوپہر (12 بجے) تک موصول ہونے چاہئیں۔

## 4 نومبر بروز پیر، انتخابات کا دن ہے

- صبح 10 بجے سے شام 8 بجے تک، اپنی مقررکردہ ووٹنگ کی جگہ پر ووٹ دیں۔
- www.toronto.ca/MyVote پر معلوم کریں کہ کہاں ووٹ دینا ہے۔

TORONTO

# ووٹنگ کے اختیارات

## شخصی طور پر موجود ہو کر (اِن پرسن)

ووٹنگ کے دستیاب دنوں میں سے کسی بھی دن  شخصی طور پر موجود ہو کر(اِن پرسن) ووٹ دیں:

- پیشگی ووٹنگ کے اختتام ہفتہ (ویک اینڈ) 26 اور 27 اکتوبر کو صبح 10 بجے سے شام 7 بجے تک جلد ووٹ دیں - یا تو: Bob Rumball Centre, 2395 Bayview Ave. پر ووٹ دیں **یا**-Jenner Jean Marie Community Centre, 48 Thorncliffe Park Dr. پر
- انتخابات کے دن، 4 نومبر، صبح 10 بجے سے شام 8 بجے تک ووٹ ڈالیں۔ آپ کو الیکشن کے دن اپنی تفویض کردہ ووٹنگ کی جگہ پر ووٹ دینا ہوگا۔

پیشگی ووٹ اور الیکشن کے دن ووٹ ڈالنے کی جگہ کی تفصیلات **www.toronto.ca/MyVote** پر یا اپنے ووٹر انفارمیشن کارڈ (Voter Information Card) پر تلاش کریں۔

## بذریعہ ڈاک

بذریعہ ڈاک ووٹ دینے کے لیے، ذیل کے مراحل پر عمل کریں اور 20 ستمبر سے درخواست دیں۔

**مرحلہ 1: آن لائن درخواست دیں**

درخواست دینے کے لیے 20 ستمبر سے 10 اکتوبر شام 4:30 بجے تک **www.toronto.ca/VoteByMail** پر جائیں

**مرحلہ 2: اپنا پیکج مکمل کریں**

آپ کی درخواست پر کارروائی ہونے کے بعد، 4 اکتوبر سے آپ کو مکمل کرنے کے لیے ایک میل-ان ووٹنگ پیکج (Mail-in Voting package) بھیجا جائے گا۔

- اعلامیہ فارم پر دستخط کریں
- بیلٹ پر نشان لگائیں
- سیل بند خفیہ لفافے کو پیلے رنگ کے ریٹرن لفافے میں داخل کریں

**مرحلہ 3: اپنا پیکج ڈاک کے ذریعے بھیجیں**

- مکمل شدہ پیکجز **28 اکتوبر کو دوپہر (12 بجے) تک موصول** ہونے چاہئیں۔
- اپنا مکمل شدہ پیکج کسی بھی کینیڈا پوسٹ کے میل باکس میں لے جائیں یا اسے پیلے ٹورنٹو الیکشنز ڈراپ باکس میں سے کسی ایک میں پہنچا دیں۔
- دو پیلے رنگ کے ڈراپ باکس 21 اکتوبر سے درج ذیل مقامات پر دستیاب ہوں گے:
  Bob Rumball Centre, 2395 Bayview Ave.
  **یا**
  Jenner Jean-Marie Community Centre, 48 Thorncliffe Park Dr.

www.toronto.ca/VoteByMail پر مزید جانیں۔

## پراکسی (Proxy) کے ذریعے

اگر آپ شخصی طور پر موجود ہو کر (اِن پرسن) یا ڈاک کے ذریعے ووٹ دینے کے قابل نہیں ہیں، تو آپ ووٹنگ پراکسی مقرر کر سکتے ہیں۔ ایک پراکسی وہ ہوتا ہے جس پر آپ کو اپنی طرف سے ووٹ دینے پر بھروسہ ہو اور وہ ٹورنٹو شہر میں ایک اہل ووٹر ہو۔ ووٹنگ پراکسی اپوائنٹمنٹ فارم (Voting Proxy Appointment Form) مکمل کریں، جس پر آپ اور آپ کے پراکسی کے دستخط ہوں، اور 4 نومبر شام 4:30 بجے سے پہلے سٹی کلرک سے اس کی تصدیق کروائیں۔

TORONTO

20 ستمبر سے، پراکسی فارم کی درخواست کرنے کے لیے VoterRegistration@toronto.ca پر ای میل کریں اور اس کی تصدیق کے لیے اپوائنٹمنٹ بنائیں۔ متبادل طور پر، آپ باقاعدہ کاروباری اوقات کے دوران پیر تا جمعہ سٹی ہال (City Hall) یا نارتھ یارک سوک سینٹر(North York Civic Centre) جا سکتے ہیں۔

پراکسی ووٹنگ کے بارے میں مزید جاننے کے لیے **www.toronto.ca/ByElection** پر جائیں یا 311 پر کال کریں۔

# کون ووٹ دے سکتا ہے

کونسلر وارڈ 15، ڈان ویلی ویسٹ کے 2024 کے ضمنی انتخابات میں ووٹ دینے کے لیے، آپ کو درج ذیل ہونا چاہیے:

- کینیڈا کا شہری؛ اور
- کم از کم 18 سال کی عمر؛ اور
- وارڈ 15، ڈان ویلی ویسٹ کا رہائشی؛ یا
- ٹورنٹو شہر کا غیر رہائشی، لیکن آپ یا آپ کی شریک حیات وارڈ 15، ڈان ویلی ویسٹ میں جائیداد کے مالک ہیں یا کرائے پر ہیں؛ اور
- کسی قانون کے تحت ووٹ دینے سے منع نہیں کیا گیا ہے۔

آپ صرف ایک بار ووٹ دے سکتے ہیں قطع نظر اس کے کہ آپ وارڈ 15 کے اندر جتنی بھی جائیدادوں کے مالک ہوں یا کرایہ پر ہوں۔

ٹورنٹو کے کسی رہائشی کو اس وارڈ میں ووٹ دینا چاہیے جہاں وہ رہتے ہیں، نہ کہ اس وارڈ (وارڈوں) میں جہاں وہ اضافی جائیداد کے مالک ہیں یا کرایہ پر لیتے ہیں۔

## اسکول کی وجہ سے ٹورنٹو سے دور رہنے والے طلباء

اگر آپ ٹورنٹو کے وارڈ 15، ڈان ویلی ویسٹ کے رہائشی ہیں، لیکن اونٹاریو کی دوسری میونسپلٹی میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں، تو آپ اس ضمنی انتخاب میں ووٹ دینے کے اہل ہیں۔

**www.toronto.ca/ByElection** پر مزید جانیں۔

# ووٹرز لسٹ میں شامل ہوں

20 ستمبر سے، یہ دیکھنا ضروری ہے کہ آیا ووٹرز لسٹ میں آپ کی معلومات درست ہیں، خاص طور پر اگر آپ حال ہی میں منتقل ہوئے ہوں، یا اپنا نام تبدیل کیا ہو۔ اگر آپ 10 اکتوبر تک ووٹرز کی فہرست میں شامل ہیں، تو آپ کو ووٹر انفارمیشن کارڈ (Voter Information Card) ڈاک کے ذریعے بھیجا جائے گا، یا آپ اپنا ووٹر انفارمیشن کارڈ دیکھنے، ڈاؤن لوڈ کرنے یا پرنٹ کرنے کے لیے MyVote کا استعمال کر سکتے ہیں۔

10 اکتوبر شام 4:30 بجے تک، ووٹر لسٹ میں اپنی معلومات شامل کریں یا اپ ڈیٹ کریں بذریعہ:

- **toronto.ca/MyVote** پر جا کر
- VoterRegistration@toronto.caکو ای میل کرکے
- 311 پر کال کرکے

اگر آپ سے 10 اکتوبر کی آخری تاریخ چھوٹ جاتی ہے تو، جب آپ پیشگی ووٹ (26 اور 27 اکتوبر) یا انتخابات کے دن (4 نومبرکو) شخصی طور پر موجود ہو کر(اِن پرسن) ووٹ دیتے ہیں تو آپ خود کو ووٹرز کی فہرست میں شامل کر سکتے ہیں۔ **ووٹ دیتے وقت آپ کو شناختی کارڈ لازمی طور پردکھانا ہوگا، چاہے آپ ووٹرز لسٹ میں شامل ہوں۔**

# میرا ووٹ (MyVote)

20 ستمبر سے، درج ذیل کے لیے **[www.toronto.ca/MyVote](http://www.toronto.ca/MyVote)** پر جائیں:

- معلوم کرنے کے لیے کہ آیا آپ ووٹرز کی فہرست میں شامل ہیں
- ڈاک کے ذریعے ووٹ ڈالنے (Mail-in Voting) کی درخواست دینے کے لیے **(10 اکتوبر کو شام 4:30 بجے تک)**
- اپنے ووٹرز کی فہرست کی معلومات شامل کرنے کے لیے یا اپ ڈیٹ کرنے کے لیے **(10 اکتوبر کو شام 4:30 بجے تک)**
- کونسلر کے لیے انتخاب لڑنے والے امیدواروں کو دیکھنے کے لیے
- معلوم کرنے کے لیے کہ کہاں اور کب ووٹ دینا ہے، اور ووٹنگ کی جگہوں کے بارے میں رسائی کی معلومات کے لیے
- اپنا ووٹر انفارمیشن کارڈ دیکھنے کے لیے، ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے یا پرنٹ کرنے کے لیے۔
- اپنے بیلٹ کا نمونہ دیکھنے کے لیے **(اکتوبر میں دستیاب)**

شخصی طور پر موجود ہو کر (اِن پرسن) ووٹ دینے سے پہلے MyVote کو چیک کریں، کیونکہ ووٹنگ کی جگہیں تبدیل ہو سکتی ہیں۔

TORONTO

# ووٹر انفارمیشن کارڈ (Voter Information Card)

**ووٹر انفارمیشن کارڈز(VICs) 17 اکتوبر سے ڈاک میں ہونگے۔** جب آپ ووٹ ڈالنے جائیں گے، تو اپنا VIC ساتھ رکھنے سے ووٹنگ کی جگہ پر وقت کے تیزی سے گزرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ آپ کے VIC کو شناخت کے طور پر استعمال نہیں کیا جا سکتا۔

اپنا ووٹر انفارمیشن کارڈ دیکھنے کے لیے toronto.ca/MyVote پر جائیں اور جب آپ ووٹ ڈالنے جائیں تو اسے اپنے موبائل ڈیوائس پر دکھائیں۔

- اگر آپ 10 اکتوبر تک ووٹرز کی فہرست میں ہیں اور آپ کو اپنا VIC موصول نہیں ہوتا ہے، لیکن آپ کے گھر کے کسی فرد کو موصول ہوتا ہے، تو یہ اس لیے ہو سکتا ہے کہ کینیڈا پوسٹ کارڈز کو بیچز میں بھیجتی ہے۔
- اگر آپ کو ایک سے زیادہ VIC موصول ہوتے ہیں، تو جب آپ ووٹ ڈالنے جائیں تو ووٹنگ کی جگہ پر سب سے درست کارڈ لائیں جو آپ کی شناخت سے مماثل ہو۔
- اگر آپ کو اپنا VIC موصول ہوتا ہے، لیکن معلومات غلط ہیں، تو جب آپ ووٹ ڈالنے جائیں تب آپ کارڈ اپنے ساتھ لے کرجا سکتے ہیں اور ووٹر لسٹ میں ترمیم کی درخواست (Voter List Amendment Application) مکمل کرنے کے لیے کہہ سکتے ہیں۔
- اگر آپ کو کسی ایسے شخص کے لیے VIC موصول ہوتا ہے جو آپ کے گھر میں نہیں رہتا ہے، تو آپ کارڈ پر بھیجنے والے کو واپس بھیجا جائے (Return to Sender) لکھ کراسے کینیڈا پوسٹ کے کسی بھی میل باکس میں ڈال سکتے ہیں۔
- ووٹ دینے کے لیے آپ کو VIC کی ضرورت نہیں ہے۔ [www.toronto.ca/VIC](www.toronto.ca/VIC) پر VIC کے بارے میں مزید جانیں۔

# قابل قبول شناخت

جب آپ ووٹ ڈالنے جاتے ہیں تو شناخت (ID) کی ضرورت ہوتی ہے۔ یاد رکھیں کہ آپ کا نام اور اہل وارڈ 15، ڈان ویلی ویسٹ کا پتہ ظاہر کرنے والا ایک عدد ID لینا یاد رکھیں۔ اگر آپ کے پاس قابل قبول ID نہیں ہے اور آپ ووٹرز کی فہرست میں نہیں ہیں، تو بیلٹ حاصل کرنے کے لیے آپ سے اپنی ID کے ساتھ واپس آنے کو کہا جائے گا۔

**قابل قبول ID کی مثالیں:**

- اونٹاریو کی طرف سے جاری کردہ فوٹو کارڈ، ڈرائیور کا لائسنس یا موٹر وہیکل پرمٹ (گاڑی کا حصہ)۔
- منسوخ شدہ پرسنلائزڈ چیک، کریڈٹ کارڈ یا بینک اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ۔
- ہائیڈرو، ٹیلی فون یا کیبل ٹی وی، پانی، گیس کی یوٹیلٹی بل یا پبلک یوٹیلیٹی کمیشن سے بل ۔
- کسی آجر کی طرف سے جاری کردہ چیک اسٹب (cheque stub)، T4اسٹیٹمنٹ یا تنخواہ کی رسید ۔
- اونٹاریو ورکس یا اونٹاریو ڈس ایبلٹی سپورٹ پروگرام کے لیے براہ راست ڈپازٹ کا اسٹیٹمنٹ۔
- پراپرٹی ٹیکس کی اسسمنٹ، انکم ٹیکس کی اسسمنٹ کا نوٹس، چائلڈ ٹیکس بینیفٹ کا اسٹیٹمنٹ۔
- رہن کا بیان، لیز یا کرایہ کا معاہدہ۔

TORONTO

قابل قبول شناخت کی مکمل فہرست **www.toronto.ca/ByElection** پر تلاش کریں۔ پاسپورٹ کو شناخت کے طور پر استعمال نہیں کیا جا سکتا۔

# دسترس یا رسائی کی معلومات

تمام ووٹنگ کی جگہیں قابل رسائی ہیں۔ داخلے کی جگہیں (انٹری پوائنٹس)، ریمپس، خودکار دروازے کھولنے والے اور ووٹر اسسٹ ٹرمینلز (VATs) کی دستیابی کے بارے میں معلومات [www.toronto.ca/MyVote](http://www.toronto.ca/MyVote) یا [www.toronto.ca/ByElection](http://www.toronto.ca/ByElection) پردستیاب ہیں۔ اگر آپ کو ووٹنگ میں رکاوٹ کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو، election@toronto.ca پر ای میل کرکے یا 311 پر کال کرکے ٹورنٹو الیکشنز(Toronto Elections) سے رابطہ کریں۔

**قابل رسائی ووٹنگ کا سامان (VAT)**

VAT ایک ایسا آلہ ہے جو معذور ووٹرز کو اپنے بیلٹ کو نجی اور آزادانہ طور پر نشان زد کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ فونٹ کے سائز اور رنگ کے تضاد کو ایڈجسٹ کرنے کے لیے VAT میں ٹچ اسکرین، ایک آڈیو فنکشن، بریل کی پیڈ، ایک گھونٹ/پف ٹیوب ڈیوائس (sip/puff tube device) ، ایک راکر پیڈل/فٹ سوئچ (rocker paddle/foot switch) اور زوم کی خصوصیات ہیں۔

VATsپیشگی ووٹ کے مقامات پر دستیاب ہوں گے۔ اگر آپ کو انتخابات کے دن VAT کے استعمال کی ضرورت ہے اور وہ آپ کے نامزد کردہ ووٹنگ کی جگہ پر نہیں ہے، تو بیلٹ ٹرانسفر کی درخواست کرنے کا طریقہ جاننے کے لیے 311 پر کال کریں۔ [www.toronto.ca/MyVote](http://www.toronto.ca/MyVote) پر My Voting Places ٹیب کے تحت درج VAT مقام کی تفصیلات تلاش کریں۔

**دیگر خدمات**

درج ذیل خدمات اور قابل رسائی ووٹنگ کے اختیارات کے بارے میں مزید جاننے کے لیے 311 پر کال کریں یا **toronto.ca/ByElection** ملاحظہ کریں:

- اگر آپ شخصی طور پر موجود ہو کر(اِن پرسن) ووٹ دینے کے قابل نہیں ہیں، تو آپ [www.toronto.ca/VoteByMail](http://www.toronto.ca/VoteByMail) پر بذریعہ ڈاک ووٹ دینے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔
- اگر آپ شخصی طور پر موجود ہو کر(اِن پرسن) یا ڈاک کے ذریعے ووٹ دینے کے قابل نہیں ہیں، تو آپ اپنی طرف سے ووٹ دینے کے لیے ووٹنگ پراکسی مقرر کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ کو اپنی نامزد کردہ ووٹنگ کی جگہ پر کسی رکاوٹ کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو بیلٹ کی منتقلی کی درخواست کریں۔
- اگر آپ جسمانی طور پر ووٹنگ کی جگہ کے اندر جانے کے قابل نہیں ہیں، تو اپنا بیلٹ اپنی گاڑی یا ووٹنگ کی جگہ کے اندر موجود کسی اور علاقے میں لانے کو کہیں۔
- اپنے بیلٹ پر نشان لگانے میں مدد کرنے کے لیے کسی دوست کو ساتھ لائیں یا کسی انتخابی اہلکار سے مدد طلب کریں۔
- تمام ووٹنگ کی جگہیں معاون افراد اور خدمت کرنے والے جانوروں کے استعمال کا خیرمقدم کرتی ہیں۔
- میگنیفیکیشن شیٹس اور بریل میں ووٹ کرنے کے طریقے کی ہدایات تمام ووٹنگ کی جگہوں پر دستیاب ہوں گی۔
- 416-338-OTTY (0889) پر ٹی ٹی وائی لائن پر کال کرکے بہرے یا کم سماعت کے لیے معلومات دستیاب ہیں۔

## سوشل میڈیا، ویب اور ای میل

**X:** @cityoftoronto

**فیس بک:** City of Toronto

**انسٹاگرام:** @cityofto

**ویب سائٹ:** www.toronto.ca/ByElection

**ای میل:** elections@toronto.ca

## معلومات کا ترجمہ

گوگل ٹرانسلیٹ ٹول کا استعمال کرتے ہوئے سٹی آف ٹورنٹو کی ویب سائٹ کا کئی زبانوں میں ترجمہ کیا جا سکتا ہے۔ آپ 180 سے زیادہ زبانوں میں سٹی سروسز کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے 311 پر بھی کال کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو کسی دوسری زبان میں معلومات درکار ہوں تو 311 پر کال کریں یا **www.toronto.ca/ByElection** پر جائیں۔ ووٹ ڈالنے کے طریقہ سے متعلق ہدایات تمام ووٹنگ کے مقامات پر 26 زبانوں میں دستیاب ہوں گی۔

TORONTO